# PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION

50/1, G.T Road Opp. Govt. Degree College for Women, Wazirabad 52000 Pakistan · Ph. +92-55-6602825, Fax: +92-55-6600740, P.O Box: 41 · Email: pcsumea@gmail.com - web: www.pcsumea.org

**Ref: PCSUMEA/EB-11/2023** **Dated: 16th February 2023**

To,
**The all Executive Body Members**
Pakistan Cutlery Association **PCSUMEA**
Wazirabad.

Subject: **5th Executive Body Meeting.**

Dear Sir,

It is intimated that the 5th **Executive Body Meeting** will be held in the meeting room of Pakistan Cutlery and Stainless Utensils Manufacturers and Exporters Association Wazirabad on **Saturday 18th February 2023** at **02:30 (pm)** sharp under the supervision of **Chairman.**

We request to all the Executive body members to attend the meeting at the specified date and time.

**Agenda of the meeting is as under:-**

1. Recitation of the Holy Quran.
2. Get Approval of 4th EB Meeting Minutes from EB.
3. Briefing on Cutlery Institute of Pakistan Wazirabad.
4. Briefing on Cutlery Art & Craft Village Wazirabad.
5. Briefing on Meeting with Federal Minister Planning & Development Islamabad dated 07-02-2023.
6. Briefly discussion on matter at DGTO Islamabad regarding Application for Grant of License of another New Association in Cutlery Sector.
7. Any other point will be discussed by the permission of Chairman.

| Time | Topic / Discussion Item |
|---|---|
| 02:30 to 02:35 | Recitation of the Holy Quran |
| 02:35 to 02:40 | Get Approval from EB of Previous Meeting Minutes |
| 02:40 to 02:55 | Cutlery Institute of Pakistan |
| 02:55 to 03:10 | Cutlery Art & Craft Village |
| 03:10 to 03:20 | Briefing on Meeting with Federal Minister Planning & Development Isl dated 07-02-2023 |
| 03:20 to 03:50 | Discussion on matter at DGTO Islamabad regarding another New Association in Cutlery Sector. |
| 03:50 to 04:10 | Any other point will be discussed by the permission of Chairman |

Irfan [illegible] / SECRETARY GENERAL
Secretary General / PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD

CamScanner

# 5th Executive Body Meeting Minutes (18-02-2023)

پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن وزیر آباد کے میٹنگ ہال میں پانچویں ایگزیکٹو باڈی میٹنگ مورخہ 18 فروری 2023 زیر صدارت جناب چیئرمین شکیل اعظم صاحب منعقد کی گئی۔

1۔ تلاوتِ قرآن پاک چیئرمین شکیل اعظم صاحب نے کی۔

2۔ چوتھی ایگزیکٹو باڈی میٹنگ کے حوالے سے تمام ایگزیکٹو باڈی ممبرز نے متفقہ طور پر مینٹس آف میٹنگ کی اپروول دے دی۔

### 3۔ کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان (سی آئی پی)

کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کے حوالے سے چیئرمین نے خالد مغل صاحب سے گذارش کی کہ وہ کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کے حوالے سے ایگزیکٹو باڈی ممبر کو تازہ ترین صورت حال سے آگاہ کریں۔ انھوں نے چیئرمین صاحب کا شکریہ ادا کی اور بتایا کہ سیکرٹری ٹی ڈی اے پی کراچی کی لیگل ٹیم نے کچھ چیزوں پر تحفظات کا اظہار کیا اور اس کو لیگل کنٹریکٹ میں شامل کرنے کا کہا ہے اور جمعہ والے دن ای ڈی ایف بورڈ کی میٹنگ ہوئی ہے اور اس میں کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کا ایجنڈا شامل تھا میں امید کرتا ہوں کہ ٹی ڈی اے پی اور ای ڈی ایف کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کو فنکشنل کرنے کے لیے تیار ہیں اور یہ پروجیکٹ بہت جلد ایسوسی ایشن اور ٹڑڈک کے حوالے کر دیا جائے گا۔ باقی کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کے ذمے واجب لادار قم جس میں بجلی کا بل اور چوکیدار کی تنخواہ ہے۔ یہ چیزیں ای ڈی ایف بورڈ کی میٹنگ میں کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کے ایجنڈے کا حصہ تھیں اور یہ بھی ای ڈی ایف بورڈ نے اپروو کروالی ہوں گی۔

### 4۔ کٹلری آرٹ اینڈ کرافٹ ویلیج

چیئرمین صاحب نے کٹلری آرٹ اینڈ کرافٹ ویلیج کے حوالے سے بتایا کہ میری پنجاب سال انڈسٹری کے ایم ڈی سے گذشتہ روز بات ہوئی تھی انھوں نے کہا ہے پنجاب میں میں نگران حکومت آچکی ہے اور گورنمنٹ آپ کے پروجیکٹ کو سیریسلی لے رہی ہے اربن یونٹ کی ٹیم نے اپنی جیوٹیگنگ مکمل کر چکی ہے وہ ہمارے ساتھ ایک باقائدہ ایم او یو دستخط کریں گے لیکن اس کے لئے اربن یونٹ لاہور ایک تقریب کا انعقاد کرے گی۔ ان کے چیف اس وقت بیرون ملک دورے پر ہیں جیسے ہی وہ واپس آتے ہیں اس تقریب کو ختمی شکل دے دی جائے گی۔

### 5۔ منسٹری آف پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اسلام آباد

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ 7 فروری کو منسٹری آف پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اسلام آباد میں ایک راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکت کی تھی اس کانفرنس کی صدارت وفاقی وزیر احسن اقبال نے کی تھی اور ان کے ساتھ وفاقی وزیر برائے کامرس بھی موجود تھے میرے ساتھ سینئر وائس

چیئرمین عدنان جاوید اور سابقہ چیئرمین خالد مغل میٹنگ میں موجود تھے۔ میٹنگ کا مقصد ملک کی موجودہ صورت حال کے حوالے سے تھی ایکسپورٹ کو کیسے بڑھایا جائے اس کے لئے سفارشات طلب کی گئی تھی اور اس کے ساتھ اگر ادروں کے ساتھ کوئی مسائل ہیں تو اس پر بات ہوئی تھی ہماری زیادہ تر بات ٹی ڈی اے پی کے حوالے سے تھی۔

**6۔ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن اسلام آباد میں نئی ایسوسی ایشن** (پاکستان نائیوز، سوورڈز اینڈ اسیسریز مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن) **کی درخواست کے حوالے سے ایگزیکٹو باڈی اجلاس میں بحث و مباحثہ**

اجلاس میں ایگزیکٹو باڈی ممبران نے ایاز محمود چاند اور محمد نعیم کے علاوہ چیئرمین اور سیکرٹری جنرل پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیر آباد سے متفقہ طور پر مطالبہ کیا ہے کہ کٹلری سیکٹر کے ایچ ایس کوڈ 8215-8211، 9307 کی واحد نمائندہ ایسوسی ایشن پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیر آباد (پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن) ہے مختلف اخبارات میں خبریں شائع کی جا رہی ہیں کہ کٹلری سیکٹر کی دو حصوں میں تقسیم ہو گئی ہے اور ایک نئی نام نہاد ایسوسی ایشن (پاکستان نائیوز، سوورڈز اینڈ اسیسریز مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن) قائم ہو چکی ہے۔ جان بوجھ کر صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے محکمہ جات کو غلط تاثر دیا جارہا ہے کہ کٹلری سیکٹر میں مقامی صنعتوں کی ترقی کے لیے مستقبل میں کس طرح کام کریں گے۔ جو صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے تمام اقدامات میں رکاوٹ کا سبب بنے گا۔ اجلاس میں موجود تمام معزز ارکین ایگزیکٹو باڈی نے سیکرٹری جنرل سے متفقہ مطالبہ کیا ہے کہ وہ پہلے جاری کردہ شوکاز نوٹس کی طرح محمد نعیم ممبر ایگزیکٹو باڈی کو بھی شوکاز نوٹس جاری کریں اور دونوں ایگزیکٹو باڈی ممبران پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیر آباد کو آئندہ ایگزیکٹو باڈی اجلاس میں کاروائی کے لیے نہ بلایا جائے تاکہ اجلاس کی کاروائی میں خلل نہ آئے۔ ایسوسی ایشن آرٹیکل کی شق نمبر 45 کے مطابق 4 افراد کی بنیادی ممبرشپ کو معطل کیا جائے، آرٹیکل 45 کی شق میں یہ واضح لکھا ہوا ہے کہ موجودہ ممبران ایگزیکٹو باڈی کسی بھی ممبر کی رکنیت کو معطل کر سکتے ہیں جو ایسوسی ایشن کے روزمرہ امور کو جان بوجھ کر خراب نیت سے نقصان پہنچا رہے ہوں اور ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن 2013 کے قانون اور قوائد وضوابط کی مسلسل خلاف ورزی کر رہے ہوں۔ ایگزیکٹو باڈی ممبران کو بھی اختیار ہے کہ وہ معطل ہونے والے ممبر کو اپنی پوزیشن واضح کرنے کا موقع دیں جو انھوں نے شوکاز نوٹس جاری کیا ہوا ہے۔ اگر متعلقہ افراد اس شوکاز نوٹس کا مناسب جواب نہیں دیتے تو ایگزیکٹو باڈی ممبران اپنے اکثریتی فیصلے سے اس ممبر کی بنیادی رکنیت معطل کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد معطل ہونے والے رکن کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی رکنیت معطلی کی درخواست جنرل باڈی میں بطور اپیل فیصلے کے خلاف سیکرٹری جنرل کے پاس جمع کروا سکتا ہے جو جنرل باڈی اجلاس ایک ماہ تک بلانے کا پابند ہے تاکہ اپیل پر فیصلہ ہو سکے۔ اس جنرل باڈی اجلاس میں ہونے والا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا مگر اس کے بعد متاثرہ شخص اس فیصلے کے خلاف ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن **اسلام آباد کی عدالت میں اپیل کرنے** کا حق بھی رکھتا ہے جس کے بعد **ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن اسلام آباد** کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا۔ جنرل سیکرٹری پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن سے ممبران ایگزیکٹو باڈی نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ کئی ممبران نے انھیں بتایا ہے کہ مندرجہ بالا نام نہاد ایسوسی ایشن وزیر آباد سے کوئی تعلق نہ ہے۔ نئی نام نہاد ایسوسی ایشن رجسٹر کروانے والے اشخاص نے انھیں فون پر بتایا کہ درخواست میں انھوں نے ان کے جعلی

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G T ROAD WAZIRABAD

دستخط کر کے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن کو درخواست جمع کروائی ہے جس سے وہ مکمل لاتعلقی کا اظہار کرتے ہیں اور پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن کو بوقت ضرورت اپنے کمپنی لیٹر ہیڈ پر یہ بیان لکھ کر دینے کو بھی تیار ہیں تاکہ پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن اس کو قانونی چارہ جوئی کے لئے اپنے استعمال میں لاسکے۔ لہٰذا ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن کو ان حالات سے تحریری آگاہ کر کے اس نام نہاد ایسوسی ایشن کی درخواست کو خارج کروایا جائے جو بالکل غیر قانونی اور غیر ضروری ہے۔

## 7۔ دیگر امور

## قرض حسنہ اسکیم

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ قرض حسنہ کے حوالے سے ایک پرائیویٹ سکیم شروع کرنے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کی ابتدائی طور پر میں خود سے 20 لاکھ روپے قرض حسنہ کی مد میں جاری کروں گا۔ یہ قرضہ ضرورت مند افراد کے لئے ہوگا۔ قرضے کی مد میں فی کس افراد کو ایک یا دو لاکھ روپے مقرر کئے جائیں گے۔ یہ قرضہ زیرو مارک اپ پر ہوگا۔ قرضے کے لئے گریس پریڈ کی مدت دہ ایک ماہ ہے۔ یہ قرضہ ایک سال کی آسان شرائط پر دیا جائے گا اور ہر ماہ اس کی قسط جمع کروانی ہوگی۔ اس کا پورا اختیار چیئرمین صاحب کے پاس ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی ایگزیکٹو باڈی ممبر اس بارے میں سوال کرنا چاہتا ہے تو کر سکتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس میں ڈونر چیئرمین ہوگا اور یہ سیکٹر سپیسیفک پروگرام ہونا چاہیے۔ قرضہ ایک سالہ ہونا چاہیے اور ایک لاکھ روپے تک ہونا چاہیے اور اس کی 12 اقساط ہونی چاہیے اور اس میں عمر کا تعین کریں۔ یہ قرضہ چھوٹے کرافٹس مین کے لئے ہونا چاہیے اور اس کو پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے جاری کرنا چاہیے۔ اس کا بورڈ آف مینجمنٹ موجودہ ایگزیکٹو باڈی ممبران ہوں گے۔ آپ لیگل ایڈوائزر سے ایک ایگریمنٹ اور قوانین و شرائط بنوالیں۔ 50 فیصد ممبرز کو کوٹہ ہمارے ایسوسی ایشن کے ممبران کے لئے وقف ہونا چاہیے۔ تمام ایگزیکٹو باڈی ممبر کی متفقہ رائے سے اس قرض حسنہ اسکیم کی اپروول دے دی گئی۔

## نیٹ اینڈ کلین وزیر آباد

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ اس پروگرام میں پورا وزیر آباد مل کر میرا ساتھ دے۔ فنڈز کا کوئی مسئلہ نہیں ہے صرف آپ لوگ مجھے مورل سپورٹ کریں۔ اس کار خیر میں آپ سب لوگ بڑھ چڑھ کر حصہ لیں میں نے سال انڈسٹری اسٹیٹ میں پودے لگانے کے لئے پنجاب سال انڈسٹری لاہور سے اجازت لے لی ہے میری محکمہ جنگلات سے بات ہوئی ہے اور میں سوموار کو ان کے ساتھ اس حوالے سے ایک ملاقات کروں گا اگر کوئی اپنی خدمات دینا چاہتا ہے تو رضاکارانہ طور پر دے سکتا ہے۔ چیئرمین صاحب نے ایگزیکٹو باڈی ممبر خالد مغل صاحب سے درخواست کی کہ اس حوالے آپ میرا ساتھ دیں آپ کے تجربے کی ضرورت ہے ایگزیکٹو باڈی ممبر اور سابقہ چیئرمین خالد مغل صاحب نے بتایا کہ تمام ایگزیکٹو باڈی ممبر آپ کے یہ دونوں کاموں کو سراہتا ہوں اس سے ہماری ایسوسی ایشن اور پاکستان کی برینڈنگ ہوگی۔ ہمارے دونوں گروپ آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔

G T ROAD
WAZIRABAD



CamScanner

## لاہور ایکسپو2023

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ ٹی ڈی اے پی کی لاہور ایکسپو جو 23 سے 25 فروری تک منعقد ہونے جارہی ہے اس کے بارے میں ایگزیکٹو باڈی ممبر کو بتایا کہ ہم نے اس ایکسپو میں 96 سکیور میٹر کا پویلین لیا ہے اور اس میں ہماری 8 کمپنیاں سرکت کر رہی ہیں اور اس میں خصوصی طور پر ایک کمپنی جو پیکنگ سے متعلقہ ہے وہ بھی اس پویلین میں شامل ہے۔ ہمارا یہ پویلین ہائی انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کا ہوگا آپ لوگ ضرور دورہ کریں ہمیں آپ کے سپورٹ کی ضرورت ہے اس میں ہمارا سیکٹر زیادہ پروموٹ ہوگا۔ ہم نے اس ایکسپو میں آنے والے معزز مہمانوں کے لئے تحائف بھی رکھے ہیں۔ اس کے بعد گلف ممالک میں میں بھی اس طرح کا پویلین لگائیں گے۔

## وومین چیمبر سیالکوٹ

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ سیالکوٹ چیمبر برائے خواتین میں بروز 11 مارچ ایک دن کے لئے نمائش لگنے جارہی ہے۔ ہم نے اس نمائش میں سٹال لیا ہے اگر کوئی ممبر اپنی پروڈکٹس لگانا چاہتا ہے تو وہ ایسوسی ایشن کو دے سکتا ہے اس کے لئے ہم تمام ممبران کو سرکلر جاری کریں گے۔

## برطانیہ وفد

چیئرمین صاحب نے برطانیہ وفد کے حوالے سے بتایا کہ ہم نے برطانیہ وفد کے لیے کچھ دن پہلے ایک سرکلر کیا تھا سرکلر میں ایک اہم نقطہ قرانداز کا بھی کاذکر کیا گیا تھا۔ ہم نے 27 ممبر کی درخواستیں جمع کیں اور ان میں سے 15 درخواستیں سکروٹنی کرنے کے بعد فائنل کی گئیں۔ ہماری وفد کمیٹی نے تمام درخواستیں سکروٹنی کر کے یہ 15 درخواستیں نکالی ہیں اور ہم نے اس کا باقاعدہ آفس آرڈر بھی جاری کر دیا ہے۔ آپ ایگزیکٹو باڈی ممبرز سے تجاویز درکار ہیں۔

سابقہ چیئرمین اور موجودہ ایگزیکٹو باڈی ممبر حمزہ شکیل بھٹہ صاحب نے بتایا کہ جب میں چیئرمین تھا تو اس وقت برطانیہ وفد کے لیے قواعد و ضوابط بنائے گئے تھے اور اس کو باقاعدہ منٹس آف میٹنگ کا حصہ بنایا گیا تھا یہ تین سال پہلے قانون پاس ہوگیا تھا کہ کسی بھی بیرون ملک وفد کے لیے ایک کمیٹی بنائی جائے گی جو کہ کاغذات کی چھان بین کر کے درخواستیں فائنل کرے گی چیئرمین صاحب آپ وہ منٹس آف میٹنگ کی کاپی آفس کے ریکارڈ میں سے دیکھ سکتے ہیں اور دوسرا یہ کہ اگر ایک ممبر میں کسی ایک ملک کے وفد کے ساتھ جاتا ہے تو وہ دوسری دفعہ اس ملک میں وفد کے ساتھ نہ جائے۔ آپ دونوں سیکٹر کے لیے کوٹہ سسٹم رکھ لیں۔

موجودہ سینئر وائس چیئرمین عدنان جاوید صاحب نے بتایا کہ ہماری وفد کمیٹی نے باقاعدہ تمام درخواستوں کی سکروٹنی کی ہے اور اس کے ہم نے قواعد و ضوابط بھی بنائے ہیں یہ ہماری وفد کمیٹی کا فیصلہ ہے کہ ہم نے 15 درخواستیں فائنل کی ہیں۔

چیئرمین صاحب نے مزید بتایا کہ ہم نے وفد کمیٹی بنائی ہے، یہ ایک فل فلیج کمیٹی ہے۔ ہم نے کوٹہ سسٹم کے تحت درخواستوں کی سیکروٹنی کی ہے۔ ہم نے ٹی ڈی اے پی کے معیار کو بھی اپنایا ہے۔ ہم نے ٹریول ہسٹری، تین سالہ ایکسپورٹ پرفارمنس یا 3 سال کی بنک سٹیٹ مینٹ

کمپنی نام سے ہو وہ بھی ہم نے سیکروٹنی کی ہے۔ اور کچھ ہمارے نوجوان ممبرز ہیں ان کی بھی موجودہ ایکسپورٹ بہترین ہے۔ ہم نے سارا کام حقیقت پر مبنی کیا ہے۔ میں اس حوالے سے آپ تمام ایگزیکٹو باڈی ممبرز کو اعتماد میں لینا چاہتا ہوں۔

سابقہ چیئرمین صاحب اور موجودہ ایگزیکٹو باڈی ممبر خالد مغل صاحب نے بتایا کہ چیئرمین صاحب آپ نے جو کمیٹی بنائی ہے اس فیصلے پر ہم تمام ایگزیکٹو باڈی ممبرز آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ 2019 کو حمزہ شکیل بھٹہ کی زیر صدارت ہونے والی ایگزیکٹو باڈی میٹنگ میں یہ قانون بن چکا ہے آپ اس کی کاپی آفس ریکارڈ میں سے نکال کر چیک کر سکتے ہیں۔ آپ ٹیبل ویئر اور نان ٹیبل ویئر میں نئے اور پرانے ایکسپوٹرز کا کوٹہ سسٹم رکھ لیں۔ کنٹری وایز کوٹہ سسٹم رکھیں اور یہ وفد کمیٹی کا استحقاق ہے۔ میٹنگ میں موجود تمام ایگزیکٹو باڈی ممبرز کی اکثریتی رائے سے یہ فیصلہ کیا گیا کہ وفد کمیٹی پر اعتماد کیا جائے اور ان کو سپورٹ کیا جائے ہم ان کے کام کی اپروول دیتے ہیں جو قواعد وضوابط اس کمیٹی نے بنائیں ہیں۔ ہم سب ان کو تسلیم کرتے ہیں۔ آخر میں چیئرمین صاحب نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو باڈی ممبرز کا شکریہ ادا کیا۔

اس کے ساتھ ہی میٹنگ برخاست ہو گئی۔

شکریہ

عرفان منشاء

سیکرٹری جنرل 16/3/23

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION
G.T.ROAD
WAZIRABAD